## تعلقات عامہ دفتر

## جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

November 04,2024

پریس ریلیز

### جامعہ ملیہ اسلامیہ میں 'اسیسمنٹ ٹولز اینڈ ٹکنیکس فار چلڈرن وتھ اسپیشل نیڈس' کے موضوع پر پانچ روزہ ورکشاپ کا اہتمام

ایم۔ایڈ اسپیشل ایجوکیشن ( آموزش میں رکاوٹ اور بصری خامی ) کے لیے خصوصی طور پر تیار کردہ کورس کے سلسلے میں شعبہ تربیت اساتذہ اور غیر رسمی تعلیم ( آئی اے ایس ای ) فیکلٹی آف ایجوکیشن، جامعہ ملیہ اسلامیہ آج سے پانچ روزہ ورکشاپ مورخہ چار نومبر تا آٹھ نومبر دو ہزار چوبیس منعقد کررہا ہے۔ یہ ورکشاپ پہلے اور تیسرے سمسٹر کے طلبا کے لیے تیار کیا گیا ہے جس میں ایم۔ایڈ اسپیشل ایجوکشین تیسرے سمسٹر (لرننگ ڈس ایبلیٹی اینڈ ویژوئل امپیئر مینٹ ) کے طلبا منتظم کے رول میں ہوں گے اور ایم۔ایڈ اسپیشل ایجوکیشن کے سال اول کے طلبا (لرننگ ڈس ایبلیٹی اینڈ ویژوئل امپیئر مینٹ ) شرکا کے رول میں ہوں گے۔

ورکشاپ کا افتتاحی اجلاس مورخہ چار نومبر دو ہزار چوبیس کو آفتاب عالم کی تلاوت سے شروع ہوا۔کلام پاک کی تلاوت کے بعد نابیہ اور اشیکا نے سامعین کا پرخلوص خیر مقدم کیا۔ڈاکٹر سوربھ رائے کوآرڈی نیٹر ایم۔ایڈ اسپیشل ایجوکیشن پروگرام نے ورکشاپ کا تعارف پیش کیا جس میں انھوں نے پروگرام کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی۔ایم۔ایڈ طالب علم بھارتی شرمانے ورکشاپ کا تفصیلی خاکہ پیش کیا جب کہ کوآرڈی نیٹر پروفیسر بھارتی شرمانے ورکشاپ کے منطقی جواز کے ساتھ ساتھ خصوصی توجہ کے مستحق طلبا کے ساتھ کام کرنے والے معلمین کے لیے تشخیص کے ٹولز اور تکنیک کی اہمیت اجاگر کی۔

صدر شعبہ پروفیسر جیسی ابراہم نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے مستقبل میں مخصوص صلاحیتوں کے حامل طلبا کے ساتھ کام کرنے والے معلمین کے لیے اہم ٹولز اور تشخیص کی معلومات کی اہمیت کو آشکار کیا۔ پروفیسر سارہ بیگم، ڈین ،فیکلٹی آف ایجوکیشن نے اسپیشل ایجوکیشن میں تشخیص کے رول کی اہمیت کے سلسلے میں اپنے گراں قدر خیالات ساجھا کیے اور طلبا سے کہا کہ وہ مختلف تکنیک

اور ٹولز کی اچھی سمجھ پیدا کریں۔

دلکش فروز کے اظہار تشکر کے ساتھ اجلاس اختتام پذیر ہوا۔انھوں نے ورکشاپ کو کامیاب بنانے کے لیے تمام شرکا، مقررین اور منتظمین کی کوششوں اور ان کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔

اجلاس میں فیکلٹی اراکین ڈاکٹر محمد فیض اللہ خان، ڈاکٹر ارم ناصر، ڈاکٹر توصیف عالم، ڈاکٹر پیٹالا راما کرشنن، ڈاکٹر۔آر جمنا، جناب محمد زبیر ممتاز بانو، سنیتا مگھو نے شرکت کی۔

**تعلقات عامہ دفتر**

**جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی**